**14.06.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................ کلیم احمد

**Music**

---------------------------

☆ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے فرانس کے شہر Nice میں میٹنگوں کے ساتھ یوروپ کا اپنا دورہ شروع کردیا ہے۔ جناب مودی اب سے کچھ دیر بعد فرانس کے صدر Emmanuel میخوں کے ساتھ مل کر، بھارت Innovates-2026 کا افتتاح کرنے والے ہیں۔

☆ آج صدر میخوں کے ساتھ دو طرفہ بات چیت میں خصوصی عالمی کلیدی ساجھیداری میں پیشرفت کا جائزہ لیا جائے گا۔

☆ جھارکھنڈ میں، بجلی گرنے کے الگ الگ واقعات میں سات افراد کی موت ہوئی ہے۔

☆ جنوب مغربی مانسون کے اگلے دو۔تین دن میں کرناٹک کے بعض حصوں، تلنگانہ، آندھرا پردیش، اڈیشہ اور جنوبی چھتیس گڑھ میں پہنچنے کا امکان ہے۔

☆ کولمبو میں پانچ ہزار سے زیادہ بھرت ناٹیم Dancers نے سب سے بڑے بھرت ناٹیم رقص کا Guinness ورلڈ ریکارڈ قائم کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، خواتین کے ICC ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں آج شام برمنگھم میں بھارت، پاکستان کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔

---------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM NICE Visit**

وزیرِ اعظم نریندر مودی، فرانس کے صدر Emmanuel میخوں کے ہمراہ اب سے کچھ دیر بعد Nice میں بھارت Innovates کا افتتاح کرنے والے ہیں۔ یہ اہم تقریب بھارت اور فرانس کے اختراع کے سال کے تحت ہورہی ہے اور اِس میں 120 سے زیادہ بھارتی اسٹارٹ اَپ ادارے، عالمی سرمایہ کار، ٹیکنالوجی کے ماہرین اور کاروباری افراد شرکت کررہے ہیں، جس میں بھارت کے تیزی کے ساتھ فروغ پاتے ہوئے، اختراعی ایکونظام کی عکاسی کی جائے گی۔

بعد میں وزیرِ اعظم نریندر مودی اور فرانس کے صدر میخوں دو طرفہ بات چیت کریں گے، جس میں بھارت-فرانس

خصوصی عالمی کلیدی ساجھیداری میں پیشرت کا جائزہ لیا جائے گا۔
دونوں رہنما اہم علاقائی اور عالمی امور پر بھی تبادلۂ خیال کریں گے۔
مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ...

**VC - Shailesh Menon**

*وزیر اعظم نریندر مودی اور صدر ایمانوئل میخوں مشترکہ طور پر ''بھارت Innovates'' کا افتتاح کریں گے۔ اِس تقریب کے دوران، جدت طرازی، صنعت کاری اور ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے شعبوں میں بھارت کی بڑھتی ہوئی طاقت کا مظاہرہ کیے جانے کا امکان ہے۔*

*بعد میں، دونوں رہنما دوطرفہ بات چیت کریں گے، جس میں بھارت-فرانس خصوصی عالمی کلیدی ساجھیداری میں پیشرفت کا جائزہ لیا جائے گا اور ٹیکنالوجی، تجارت اور دفاع سمیت مختلف شعبوں میں جاری تعاون میں مزید اضافہ کرنے کے طور طریقوں پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔*

*دوطرفہ بات چیت اور صدر میخوں کی جانب سے ایک ظہرانے کے انعقاد کے بعد، وزیر اعظم مودی، اپنے دورے کے اگلے مرحلے کے تحت، سلوواکیہ روانہ ہو جائیں گے۔*

*فرانس کے شہر Nice سے شلیش مینن کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ..................*

**Trump PM Modi**

وہائٹ ہاؤس نے کہا ہے کہ امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ، فرانس میں اگلے ہفتے G7 سربراہ کانفرنس کے دوران وزیرِ اعظم نریندر مودی اور دیگر عالمی رہنماؤں سے ملاقات کریں گے۔

امریکی انتظامیہ کے ایک اعلیٰ عہدیدار کے مطابق، اِس بات چیت میں معاشی ترقی، سپلائی نظام، مصنوعی ذہانت، سرمایہ کاری سے متعلق ساجھیداری اور عالمی سکیورٹی کو لاحق مختلف چیلنجوں پر توجہ مرکوز کئے جانے کی امید ہے۔x

**PM - Health 12 Years**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت میں گزشتہ 12 سال کے دوران، معیاری حفظان صحت کو اور زیادہ کم خرچ اور زیادہ لوگوں تک بہم پہنچانے کیلئے بھر پور انداز سے کام کیا گیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہا کہ ملک کو اُس وقت بڑے فخر کا احساس ہوتا ہے، جب بھارت کو دنیا کے حفظان صحت کے سب سے بڑے پروگرام آیوشمان بھارت کے ملک کے طور پر جانا جاتا ہے۔ اِس کے تحت، کمزور طبقوں کے لوگوں کو اعلیٰ معیار کی حفظان صحت سہولیات فراہم کی جاتی ہیں۔ جناب مودی نے کہا کہ پی ایم بھارتیہ جن اوشدھی پَری یوجنا جیسی کوششوں سے دوائیں کم قیمت کی ہوگئی ہیں۔

وزیر اعظم نے امید ظاہر کی کہ سرکار ایک صحتمند بھارت کی تعمیر کی خاطر اب تک کی پیشرفت کو برقرار رکھتے ہوئے یہ سلسلہ آگے بڑھائے گی۔x

**Nadda Health Sector**

مرکزی وزیرِ صحت جگت پرکاش نڈا نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گذشتہ 12 سال کے دوران، بھارت کے حفظانِ صحت کے شعبے میں بڑی پیشرفت ہوئی ہے، جس کی کوئی نظیر نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ صحتمند شہری، ایک مضبوط ملک کی سب سے بڑی طاقت ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر، جناب نڈا نے کہا کہ آیوشمان بھارت PM-JAY اور آیوشمان آروگیہ مندر سے لے کر ڈیجیٹل حفظانِ صحت کے مختلف اقدامات تک، حفظانِ صحت کی معیاری سہولیات اب پہلے سے کہیں زیادہ لوگوں تک پہنچ رہی ہیں۔x

## Gadkari - Health Sector

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے محکمے کے وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گزشتہ ایک دہائی کے دوران بھارت کے حفظان صحت کے شعبے میں بڑی تبدیلی آئی ہے اور سبھی شہریوں کیلئے کم خرچ اور قابل رسائی حفظان صحت کو یقینی بنانے پر خاص توجہ دی گئی ہے۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب گڈکری نے کہا کہ حفظان صحت سے متعلق حکومت کے سرکردہ اقدامات سے ملک کے صحت کے بنیادی ڈھانچے کو کافی تقویت ملی ہے اور ایک سووستھ بھارت کے نظریہ کو فروغ حاصل ہوا ہے۔

کامرس اور صنعت کے محکمے کے وزیر پیوش گوئل نے بھی زور دے کر کہا ہے کہ بھارت آج حفظان صحت کے دنیا کے کئی سب سے بڑے اقدامات میں قائدانہ رول ادا کررہا ہے۔x

## Rijiju 12 Years

اقلیتوں کے امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے کہا ہے کہ گذشتہ 12 سال میں ملک میں اقلیتی برادریوں کی زندگی، معیار اور مجموعی صورتحال میں نمایاں سُدھار آیا ہے۔ ایک قومی روزنامے کے ساتھ انٹرویو میں جناب رجیجو نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں ''سب کا ساتھ، سب کا وِکاس'' کے نظریے کی بدولت، اِس بات کو یقینی بنایا جاسکا ہے کہ ترقی کے فائدے معاشرے کے ہر طبقے تک پہنچیں۔x

## MSME Bihar

چھوٹے، بہت چھوٹے اور درمیانہ درجے کے صنعتی اداروں کے محکمے کے مرکزی وزیر جیتن رام مانجھی اور بہار کے وزیرِ اعلیٰ سَمرات چودھری کل بہار کے گیا ضلعے میں خضر سرائے میں ایک نئے ٹیکنالوجی مرکز کا سنگِ بنیاد رکھیں گے۔ یہ مرکز 170 کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کے ساتھ قائم کیا جائے گا۔ اِس کا مقصد جنوبی بہار اور مگدھ خطے میں MSME ایکونظام کو مستحکم بنانا ہے۔

MSME کی وزارت کے مطابق، یہ ٹیکنالوجی مرکز، بہار سرکار کی جانب سے فراہم کئے گئے 20 ایکڑ کے پلاٹ پر تیار کیا جائے گا۔ x

**Alakh - Appointed Chairman**

سرکار نے نامور اقتصادی ماہر پروفیسر Alakh N Sharma کو لیبر اعداد و شمار سے متعلق اعلیٰ سطح کی تکنیکی ماہرین کی کمیٹی کا چیئرمین مقرر کیا ہے۔
لیبر مارکیٹ اشاریوں کو مستحکم بنانے اور وقتاً فوقتاً اِن کا جائزہ لینے نیز ملک کے لیبر مارکیٹ کے اُبھرتے ہوئے ڈھانچے کا جائزہ لینے کیلئے یہ کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ یہ کمیٹی، بروقت ایسے لیبر اعداد و شمار مرتب کرنے پر توجہ مرکوز کرے گی، جو بین الاقوامی معیار کے مطابق ہوں۔x

**ED US Case**

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی شکایت پر امریکہ میں قائم ایک تنظیم اور چھ دیگر اداروں کے خلاف کیس درج کیا گیا ہے۔
اِس شکایت میں غیرملکی Debit کارڈز کے نیٹ ورک کے ذریعے غیرملکی فنڈز کو غیرقانونی طریقے سے بروئے کار لانے کا الزام لگایا گیا ہے، جس میں ملک کے بائیں بازو کی انتہاپسندی سے متاثرہ علاقے بھی شامل ہیں۔
انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کی شکایت کی بنیاد پر بنگلورو کی Kothanur پولیس نے بھارتیہ نیائے سنہیتا کی مختلف دفعات اور غیرقانونی سرگرمیوں کی روک تھام سے متعلق ایکٹ کے تحت 11 جون کو کیس درج کیا۔
انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے مطابق انکم ٹیکس ایکٹ اور غیرملکی زرمبادلہ کے بندوبست سے متعلق ایکٹ کے تحت 18 اور 19 اپریل کو تلاشی کی، جو کارروائی انجام دی گئی تھی، اُس سے یہ انکشاف ہوا تھا کہ ملزموں نے امریکہ کے ایک ادارے کے ساتھ مبینہ طور پر سازباز کرکے، بھارت میں رقم نکالنے اور فنڈز کو استعمال کرنے کیلئے ایک امریکی بینک کی طرف سے جاری کئے گئے غیرملکی Debit کارڈز کا استعمال کیا۔x

**JH - Lightning**

جھارکھنڈ میں گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران بجلی گرنے کے الگ الگ واقعات میں کم از کم 7 افراد کی موت ہوگئی۔ اِن میں 3 خواتین اور 10 سال کا ایک لڑکا شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق، رانچی میں 2 افراد کی موت ہوئی، جبکہ گڑھوا ضلع میں بھی 2 افراد مارے گئے۔
دیگر اموات کی اطلاع چترا، گرِڈیہہ اور سرائے کیلا-خرسوان ضلع سے ملی ہے۔x

**IMD Weather**

بھارتی موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے اگلے دو-تین دن میں کرناٹک کے بقیہ حصوں، تلنگانہ، آندھرا پردیش، اڈیشہ کے کچھ اور حصوں نیز جنوبی چھتیس گڑھ میں پہنچنے کیلئے حالات سازگار ہیں۔
موسمیات محکمے کے مطابق شمال مشرقی خطے، انڈمان و نکوبار جزائر، کیرالہ، ماہے، تمل ناڈو، پدوچیری اور کرائیکل میں بھی آج تیز بارش ہونے کا امکان ہے۔x

## Bharatanatyam World Record

سری لنکا کی راجدھانی کولمبو میں آج پانچ ہزار سے زیادہ بھرت ناٹیم Dancers نے مل کر ایک ساتھ رقص کا مظاہرہ کیا، جو ایک تاریخی ثقافتی سنگِ میل ہے اور اِس طرح انہوں نے بھرت ناٹیم کے سب سے بڑے رقص پروگرام کا Guinness ورلڈ ریکارڈ قائم کیا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ............

**VC - Farooqui**

## Women T20 World Cup

خواتین کے ICC ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں، بھارت، آج گروپ اے میں روایتی حریف پاکستان کے خلاف میچ کے ساتھ اپنی مہم کا آغاز کرے گا۔ یہ میچ برمنگھم میں Edgbaston میں کھیلا جائے گا اور یہ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆